
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids




اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

نماز با جماعت



حامد اپنے گھر کے سہن میں کھیل رہا تھا ۔ اس نے عصر کی اذان کی آواز سنی۔ وہ کھیلنے سے رک گیا۔ نماز کے لیے وضوء کیا۔ پھر جماعت سے نماز پڑھنے مسجد کی طرف چل دیا۔

عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا : جماعت سے نماز پڑھنا فرداً نماز پڑھنے سے ستائیس بار افضل ہے ۔

بخاری:645



حامد کو اس حدیث کا علم ہے کہ انفرادی نماز سے زیادہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے پر ستائیس 27 مرتبہ زیادہ اجر ملتا ہے اسی لیے وہ نماز با جماعت ادا کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔

جماعت سے نماز کا حکم



مردوں کو پانچ وقت کی نماز مسجد میں با جماعت پڑھنا واجب ہے ۔

ابو ہریرہ رض کی روایت ہے کہ نبی ﷺ کے پاس ایک نابینا شخص آیا
اور کہا : یا رسول اللہ ﷺ میرے پاس کوئی ایسا رہنما نہیں جو مجھے مسجد تک لے جائے
نبی ﷺ نے اس شخص کو اجازت دی کہ وہ گھر میں نماز پڑھ لیں ۔



جب وہ واپس چلا گیا تو نبی ﷺ اسے دوبارہ بلائے اور پوچھے، کیا تمہیں اذان کی آواز سنائی دیتی ہے ۔
اس شخص نے کہا : ہاں ۔
نبی ﷺ نے فرمایا : پھر تم پر واجب ہے ۔

مسلم:653

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

نماز با جماعت انفرادی نماز سے کتنی مرتبہ افضل ہے؟

- ☆ ستائیس مرتبہ
- ☆ بیس مرتبہ

نبی ﷺ نے نماز کی ادائیگی کے لئے حدیث میں کیا جملہ کہا ؟

- ☆ تم پر واجب ہے ۔
- ☆ ضروری ہے ۔

نبی ﷺ کے پاس کون رخصت مانگنے آئے؟

- ☆ نابینا شخص
- ☆ صحتمند شخص

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

مسجد میں نماز باجماعت ادائیگی کے وقت آپ کیا مخصوص چیزوں کا مشاہدہ کرتے ہیں؟

- ☆ سارے لوگ نماز کے لیے وضوء کرتے ہیں ۔ ☐
- ☆ صفوں کو سیدھا کرتے ہیں ۔ ☐
- ☆ امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں ۔ ☐
- ☆ سارے لوگ سکون سے نماز میں کھڑے رہتے ہیں ۔ ☐
- ☆ نماز میں لوگوں پر خشوع خضوع کی کیفیت رہتی ہے ۔ ☐
- ☆ نماز میں صف کو توڑتے ہوئے آگے جانا ہے۔ ☐

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

نماز با جماعت ادا کرنا کس پر واجب ہے؟

- مردوں پر
- مردوں اور عورتوں پر

سکول میں نماز کا وقت ہوا تو آپ کیا کرتے ہو؟

- سکول میں نماز با جماعت پڑھی جاتی ہے ۔
- نماز گھر جا کر قضاء پڑھتا ہوں ۔

نماز اسلام کا کونسا رکن ہے؟

- دوسرا رکن
- تیسرا رکن

صحیح جواب سے جوڑیں

میرے والد مسجد میں نماز پڑھتے ہیں	فجر کی نماز کے وقت اٹھنے کے لیے
میں جلد سوتا ہوں	پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں
مدرسہ میں نماز	باجماعت نماز ادا کی جاتی ہے
عورتیں نماز	مردوں پر واجب ہے
نماز با جماعت ادا کرنا	گھر میں ادا کرتی ہیں

کلمات کو جوڑ کر جملہ کو ترتیب سے لکھیں

ادا کرتا ہوں ۔

مسجد میں

نماز با جماعت

پانچ وقت کی

میں

جملہ لکھیں:

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

نماز با جماعت کے لیے کتنے لوگ ضروری ہے؟

- تین افراد
- دو یا زائد افراد

اگر مسجد کے علاوہ کوئی دوسرے مقام پر نماز باجماعت ادا کی جائے تو کیا یہ درست ہے؟

- ہاں
- معلوم نہیں

کیا آپ بھی نماز پڑھانا پسند کرتے ہیں؟

- ہاں انشاءاللہ
- مجھے ڈر لگتا ہے

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

نماز با جماعت کے کیا فائدے ہیں

- ☐ انفرادی نماز سے ستائیس بار زیادہ ثواب ملتا ہے ۔
- ☐ سارے لوگ مسجد میں جمع ہوتے ہیں۔
- ☐ گناہ معاف ہوتے ہیں ۔
- ☐ امام کی اقتدا ہوتی ہے ۔
- ☐ نماز مومن کی پہچان ہے ۔
- ☐ تفریح ہوجاتی ہے